# 23-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت ریاست کی ترقی کیلئے مرکزی حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کی عہد کی پابند ہے۔

۲۔مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے ریاست تلنگانہ کو قومی اہمیت کے حامل تین مرکزی اداروں کی منظوری ہوئی ہے اور یہ بہت جلد کارکرد ہو جائیں گے۔

۳۔10 فیصد ڈسکاؤنٹ کے بعد نظر ثانی شدہ حیدرآباد میٹرو ریل ٹکٹ کی قیمتیں کل سے لاگو ہوں گی اور تمام کرایے پیپر کیو آر ٹوکن، ڈیجیٹل ٹکٹس، اسمارٹ کارڈز پر لاگو ہوں گی۔

۴۔تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ تین دن کے دوران ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Metro:

10 فیصد ڈسکاؤنٹ کے بعد نظر ثانی شدہ حیدرآباد میٹرو ریل ٹکٹ کی قیمتیں کل سے لاگو ہوں گی اور تمام کرایے پیپر کیو آر ٹوکن، ڈیجیٹل ٹکٹس، اسمارٹ کارڈز پر لاگو ہوں گی۔ رعایت کے بعد، کرایوں کی حد 11 سے 69 روپے کے درمیان ہوگی۔

TJUDA:

تلنگانہ جونیئر ڈاکٹرس اسوسی ایشن نے ریاست بھر کے پرائیویٹ میڈیکل کالجوں کے انٹرن اور پوسٹ گریجویٹ طلباء کے ساتھ ان کے منصفانہ اور باقاعدہ اسٹائپنڈ کے مطالبے میں یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ ایسوسی ایشن نے اعلان کیا ہے کہ کل بازو پر سیاہ پٹی باندھ کر احتجاج کیا جائے گا۔ پرائیویٹ میڈیکل کالجوں نے جونیئر ڈاکٹروں اور پوسٹ گریجویٹس کے لیے اسٹائپنڈ پر غور کرنے کے لیے میٹنگ کا اعلان کیا ہے۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج کہا کہ تلنگانہ کانگریس کے لیے اے ٹی ایم بن گیا ہے اور اس کی تصدیق انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کی ہے کیونکہ اس نے نیشنل ہیرالڈ کیس میں چارج شیٹ میں چیف منسٹر اے ریونت ریڈی کا نام لیا ہے۔ ای ڈی نے مبینہ طور پر ریونت ریڈی کا ذکر ان لیڈروں میں سے ایک کے طور پر کیا ہے

جنہوں نے مبینہ طور پر ینگ انڈین اور ایسوسی ایٹڈ جرنلز لمیٹڈ کے لیے عطیہ طلب کیا تھا۔ اگر چہ ریونت ریڈی کا نام ملزم کے طور پر درج نہیں ہے، تاہم مرکزی ایجنسی کا کہنا ہے کہ ریونت ریڈی نے کانگریس کے سینئر عہدیداروں کی ہدایات پر عمل کیا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ اہم سوال یہ ہے کہ کیا این ڈی اے حکومت اس بار کارروائی کرے گی یا ریونت ریڈی کو معاف کرے گی جیسا کہ انہوں نے امرت اسکام، آر آر ٹیکس اور سول سپلائی اسکام کے معاملے میں کیا ہے۔

AMIT SHAH:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور پہلگام حملے کا جواب ہے اور آج دنیا ہندوستانی مسلح افواج کی بہادری کی تعریف کر رہی ہے۔ شاہ نے کامیاب آپریشن سندور کا سہرا حکومت کی مضبوط سیاسی قوت، انٹیلی جنس ایجنسیوں کی درست معلومات اور مسلح افواج کی جانب سے مہلک کارکردگی کے شاندار مظاہرہ کو دیا۔ آج نئی دہلی میں بی ایس ایف کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہ نے کہا کہ بی ایس ایف اور مسلح افواج نے پاکستان کے خلاف ہندوستان کی جوابی کارروائی میں بڑی بہادری اور دفاع کی حقیقی طاقت کا مظاہرہ کیا ہے۔ امت شاہ نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کی سرحدوں کی حفاظت میں بی ایس ایف کے کردار کی تعریف کی۔

Sound Byte - Amit Shah

HOUSES:

اندراما ہاؤسنگ اسکیم کے ایک حصے کے طور پر، حکومت نے پہلے مرحلے میں کاماریڈی میں 75 استفادہ کنندگان کے لیے فی کیس ایک لاکھ روپے کے فنڈز منظور کیے ہیں جنہوں نے بیس منٹ کی سطح تک مکانات کی تعمیر مکمل کر لی ہے۔ ضلع کلکٹر آشیش سنگوان نے یہ بات کہی۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع کے چار حلقوں میں دو مرحلوں میں کل 11,153 مکانات کی منظوری دی گئی ہے۔ کاماریڈی میں 3,206، ایلاریڈی میں 3,496، جُکل میں 3,019، اور بانسواڑہ میں 1,432 مکانات شامل ہیں۔ ان میں سے 2,250 مکانات کو تعمیر کے لیے نشان زد کیا گیا ہے، اور مختلف مراحل پر کام جاری ہے۔ کلکٹر نے اندراما ہاؤسنگ کے مستحقین پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر اپنے مکانات کی تعمیر شروع کریں۔

Pocharam:

ریاستی حکومت کے زرعی امور کے مشیر اور بانسواڑہ کے ایم ایل اے پوچارم سری نواس ریڈی نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ جیلو گو کے بیجوں پر حکومت کی طرف سے فراہم کی جا رہی سبسڈی کا اچھا استعمال کریں۔ انہوں نے بانسواڑا پی اے

سی ایس احاطے میں منعقدہ جیلو گو بیج تقسیم پروگرام میں بطور مہمان خصوصی، ریاستی اے جی آر او ایس کے چیئرمین کسولا بلراج کے ساتھ شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ 30 کلوگرام جوار کے بیجوں کی قیمت 4,275 ہے، لیکن حکومت انہیں 50% سبسڈی پر صرف 2,137 میں فراہم کر رہی ہے۔

Jupally:

ہندوستانی آئین کے تحفظ کے لیے کانگریس پارٹی کی پہل کے ایک حصے کے طور پر، جئے باپو، جئے بھیم، جئے سمودھن پروگرام کولا پور حلقہ کے پیڈا کوتھا پلی منڈل کے کلوا کول گاؤں سے چنا پوراو پلی گاؤں تک منعقد کیا گیا۔ ریاستی وزیر برائے سیاحت، ثقافت اور آبکاری، جو پلی کرشنا راؤ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور مہاتما گاندھی اور ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسموں کو گلہائے عقیدت پیش کئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اگر ہندوستانی آئین کی حفاظت نہیں کی گئی تو لوگوں کو اپنے حقوق اور آزادی سے محروم ہونے کا خطرہ ہے۔

Hydra:

حیدرآباد میں پیدمّا مندر کے قریب جوبلی ہلز روڈ نمبر 41 پر آج اس وقت ہلکی کشیدگی برقرار رہی جب ہائیڈرا حکام نے غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کرنے کا کام شروع کیا۔ مقامی رہائشیوں کی شکایات کے بعد کہ کھلے نالے پر تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کی گئی ہیں، ہائیڈرا نے صبحا نہدامی کاروائی کی۔ 500 گز سے زیادہ کے علاقے میں غیر قانونی تعمیرات کو زمین بوس کر دیا گیا۔ موقع پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی۔

CM SANGAREDDY

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اِس بات پر زور دیا کہ حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ریاستی حکومتیں اور مرکزی حکومت مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت ریاست کی ترقی کیلئے مرکزی حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کی عہد کی پابند ہے۔ سنگاریڈی ضلع کے دورہ کے دوران پستاپور میں ایک عوامی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت نے اپنے 18 مہینے کے دورہ حکمرانی میں سماج کے تمام طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا ہے۔ انہوں نے ظہیر آباد کو ریاست کے صنعتی پیداوار کا گیٹ وے قرار دیا اور کہا کہ کانگریس پارٹی نے خاص کر اندرا گاندھی نے سابق میدک ضلع کی ترقی میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اہم مرکزی سرکاری ادارے جیسے بی ڈی ایل، آرڈیننس فیکٹری، اکریسائیڈ اور پٹن چیرو کو بطور صنعتی مرکز ترقی دینے میں کانگریس کے کردار کو اجاگر کیا۔

وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سنگور کو سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ ریونت ریڈی نے ظہیر آباد میں نیشنل انوسٹمنٹ ومنیوفیکچرنگ زون میں کوآپریٹیو شوگر فیکٹری کیلئے 100 ایکر اراضی مالیاتی تعاون کے ساتھ فراہم کرنے کے منصوبہ کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے NIMZ پروجیکٹ کی وجہ سے بے گھر ہونے والے 5612 خاندانوں کو اندراماں مکانات فراہم کرنے کا بھی وعدہ کیا۔

CM BYTE

پرجا پالنا، پرگتی باٹا کے بیانر تلے رکن پارلیمنٹ سریش شیٹکر کی صدارت میں یہ عوامی ریالی منعقد کی گئی جس میں ریاستی وزرا دامودھر راج نرسمہا، کوندا سریکھا اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔ ریالی میں شرکت کرنے سے پہلے وزیراعلیٰ نے مختلف اسٹالس کا دورہ کیا جہاں پر ایس آر پی اے مشن کے تحت خواتین سلف ہلپ گروپ کی جانب سے مختلف مصنوعات کی نمائش کی گئی۔ اس کے علاوہ سنگا ریڈی مینگو ریسرچ سنٹر کے تیار کردہ آم بھی اسٹالس میں پیش کئے گئے۔ وزیراعلیٰ نے پٹرول اسٹیشن سنبھالنے والی خواتین کے فیڈریشن کے ارکان سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس سے قبل چیف منسٹر نے 496 کروڑ روپے کی لاگت سے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

DK ARUNA

مرکزی حکومت نے رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا کو فوڈ کارپوریشن آف انڈیا تلنگانہ کی مشاورتی کمیٹی کا چیرپرسن مقرر کیا ہے۔ یہ کمیٹی ریاست میں خوراک کی پیداوار اور اجناس کی ذخیرہ اندوزی سے متعلق امور کا مطالعہ کرے گی۔ اس موقع پر ڈی کے ارونا نے انہیں یہ ذمہ داری سونپنے پر مرکزی حکومت سے اظہار تشکر کیا۔

PONGULETI

ریاستی وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے پالیر میں ناگرجنا ساگر لفٹ مین کنال کے انڈر ٹنل کے تعمیری کاموں میں تیزی لانے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔ اس کنال کے ذریعہ کھمم ضلع کے تقریباً چار لاکھ اراضی کو سیراب کیا جائے گا۔ کسومنچی منڈل کے جوجولا راؤ پیٹ کے اچانک معائنہ کے دوران ریاستی وزیر نے کنال کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کام کسی بھی صورت میں 10 جولائی تک مکمل کئے جانے چاہئے تاکہ آئندہ مانسون سیزن کے دوران کسانوں کو وقت پر پانی مل سکے۔

POLYCET

ریاست میں پالی ٹکنیک کورسس میں داخلہ کیلئے منعقدہ پالی سیٹ امتحان کے نتائج کل جاری کئے جائیں گے۔ایس بی ٹی ای ٹی دفتر حیدرآباد میں صبح 11 بجے نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔ 276 مراکز پر اِس مہینہ کی 13 تاریخ کو امتحان منعقد ہوا تھا جس میں 98858 طلبہ نے شرکت کی تھی۔

TERRORR PLOT

آندھراپردیش میں وجیانگرم پولیس نے مبینہ دہشت گردانہ سازش کے ضمن میں گزشتہ ہفتہ گرفتار کئے گئے افراد کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے اوراس سے پوچھ تاچھ کی جارہی ہے۔وجیانگرم ضلعی عدالت کی جانب سے ملزمین سراج الرحمٰن اور سعید سمیر کو ایک ہفتہ کی پولیس تحویل میں دینے کے ایک دن بعد پولیس نے دونوں کو وشاکھاپٹنم سنٹرل جیل سے وجیانگرم منتقل کیا۔انچارج ایس پی مادھوریڈی سمیت سینئر پولیس اہلکار،ملزمین سے پوچھ تاچھ کررہے ہیں۔قومی جانچ ایجنسی این آئی اے بھی اس کیس کی تحقیقات کررہی ہے اور ممکن ہے کہ این آئی اے بھی ملزمین سے ملک اور بیرونی ممالک رابطوں سے متعلق پوچھ تاچھ کرے گی۔دونوں ملزمین سے ان کی جانب سے تشکیل کردہ الہند اتحاد المسلمین اور اس کی سرگرمیوں سے متعلق پوچھا جارہا ہے۔

BJP KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے ریاست تلنگانہ کو قومی اہمیت کے حامل تین مرکزی اداروں کی منظوری ہوئی ہے اور یہ بہت جلد کارکرد ہوجائیں گے۔ان اداروں میں گلوبل سنٹر آف اکسلینس آن ملیٹس،کوچ پراجکٹ سنٹر آف اکسلنس اور نیشنل اسکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ شامل ہیں۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ ملٹ ریسرچ سنٹر کیلئے دوسو کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں اور یہ تحقیقی ادارے کسانوں،نوجوانوں اور محکمہ ریلوے کیلئے معاون ثابت ہوں گے۔

Sound Byte Kishan Reddy

مرکزی وزیر نے بارش کے پیش نظر ریاستی حکومت سے دھان کی خریدی اور پندرہ لاکھ ٹن کی میلنگ کا عمل تیز کرنے کو کہا۔بی آر ایس لیڈر کویتا کی جانب سے پارٹی سربراہ اور کے چندر شیکھر راؤ کو لکھے گئے ایک مکتوب پر تذکرہ کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ یہ باپ بیٹی کا ڈرامہ ہے اوراس طرح کی سرگرمیاں خاندان کی تقریبات میں عام ہے۔

Sound Byte Kishan